# [خیبر پختونخوا]1

# مالیاتی ایکٹ ۲۰۰۸ء

# [خیبر پختونخوا]2 ۲۰۰۸ء کا ایکٹ نمبر I

## فہرست

دیباچہ۔

حصص۔


(۱) عنوان، حد۔ و نفاذ

(۲) مغربی پاکستان کے 1958 کے ایکٹ نمبر V کی ترمیم۔

(۳) مغربی پاکستان کی 1965 کے ارڈر نمبر XIX کی ترمیم

(۴) موٹر گاڑیوں سے متعلق فیس میں ایذاوگی


(۱) ~~خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے ذریعے~~ متبادل

(۲) خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے ذریعے متبادل

# [خیبر پختونخوا]1
# مالیاتی ایکٹ ۲۰۰۸
# [خیبر پختونخوا]2 کا ۲۰۰۸ کا ایکٹ نمبر ا

پہلی مرتبہ گورنر [خیبر پختونخوا]3 سے منظور ہونے کے بعد، [خیبر پختونخوا]4 کے سرکاری اعلامیہ میں شائع شد (غیر معمولی) بتاریخ ۳ جولائی ۲۰۰۸ ۔

## ایکٹ

جو بعض ٹیکس، جرمانے، فیس جاری کرے، دھرائے اور مستثنیٰ کریں اور بعض جرمانوں میں ایزادگی کریں۔

## دیباچہ:

چونکہ بعض ٹیکس، جرمانوں، فیس کا جاری رہنا، دھرانا اور مستثنیٰ کرنا اور بعض جرمانوں میں ایزادگی کرنا ناگزیر ہے۔

بدیں وجہ درجہ ذیل نافذ کیا جاتا ہے۔

**(۱) عنوان، حد، نفاذ**

(۱) اس ایکٹ کو [خیبر پختونخواء]5 کا مالیاتی ایکٹ ۲۰۰۸ کہا جائے گا۔

(۲) یہ تمام صوبہ [خیبر پختونخواء]6 میں جاری ہوگا۔

(۳) اسکا نفاذ جولائی ۲۰۰۸ کے پہلے دن سے ہوگا۔

---

۱) خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے زریعے متبادل

۲) خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے زریعے متبادل

۳) خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے زریعے متبادل

۴) خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے زریعے متبادل

۵) خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے زریعے متبادل

۶) خیبر پختونخوا کے ایکٹ نمبر iv سال 2011ء کے زریعے متبادل

(2) **مغربی پاکستان کے 1958 کے ایکٹ نمبر V میں ترمیم۔**

مغربی پاکستان کے شہری غیر منقولہ جائداد ٹیکس ایکٹ 1958 (W.P Act V 1958)

(i) کے مشق 3 ذیلی مشق (2)

(a) کامہ جو کہ جز (b) کے اخر میں لفظ "عمارت" کے بعد آیا ہے۔ کے بجائے کولن اور الفاظ اور کامہ کا "اعداد و شمار اجزاء اور کلیہ جو کہ متعلقہ جدول میں دیا گیا ہے کے بنیاد پر ہوگا۔" جو اسکے بعد درج ہے حذف ہو جائینگے ۔

(b) موجودہ شرط حذف ہو جائیگا۔

(ii) شق 4 کے ذیلی شق 1 میں جز C کے بعد درجہ ذیل نیا جز ہوگا۔ جو کہ یہ ہے۔

(CC) "رہائشی مکان جو کہ بیوہ کی ملکیت ہو اور اس میں رہائش پزیر ہو بشرط یہ کہ اگر بیوہ کا اسی شرح قیمت کے علاقہ میں ایک سے زیادہ ملکیتی رہائشی مکان ہو تو اس بیوہ کو صرف ایک مکان جس میں وہ رہائش پزیر ہے ٹیکس سے مستثنیٰ ہوگا۔ اور

(iii) موجودہ جدول-I کے بجائے جدول جو لف شدہ I قانون ہٰذا ہے متبادل ہوگا۔

(3) **مغربی پاکستان کے 1965 کے ارڈر XIX کی ترمیم**

(i) شق A-116- کے ذیلی شق (6) کے بجائے درجہ ذیل متبادل ہوگا۔

"6 65 فیصد جرمانہ جو کہ مجرم سے ذیلی شق I کے تحت آخذ شدہ ہے کو ٹریفک پولیس اہلکاروں کے درمیان حکومت کے مقرر کردہ ذیل تناسب سے تقسیم کیا جائیگا۔

(a) 35 فیصد متعلقہ گزٹیڈ افیسر، ٹیکٹینگ آفیسر اور بیٹ سٹاف ٹریفک پولیس کے درمیان یہ تناسب بالترتیب 1:12:22 تقسیم ہوگا۔

(b) 5 فیصد بطور نقد انعام غیر معمولی کارکردگی دکھانے والے پولیس اہلکار کیلئے مختص ہونگے۔

(c) 25 فیصد ٹریفک، تربیت، تعلیم اور مشینری اور الات کی خریداری جو ٹریفک میں سہولت پیدا کرتی ہو۔ کیلئے مختص ہونگے" اور

(ii) بارہویں جدول کے بجائے جدول مختص لف شدہ II قانون ہٰذا ہوگا۔

**(4) <u>موٹر گاڑیوں سے متعلق فیس میں ایزادگی۔</u>**

باوجود یہ کہ کوئی امر صوبائی موٹر گاڑیوں کے آرڈیننس 1965 (W.p.ord alo xix 1965) یا مغربی پاکستان موٹر گاڑی قواعد 1969 کے برعکس پر مشتمل ہو فیس جو کہ مذکورہ قواعد کے تحت قابل ادائیگی ہے۔ اس قانون کے جدول کے کالم نمبر 2 میں دیئے گئے ہیں کی ادائیگی کی شرح کالم نمبر 3 کے شرح سے ہوگی۔

## اپنڈکس I

**[شق 2(iii) ملاحظہ ہو]**

**"جدول -I**

**[شق 3(2) ملاحظہ ہو]**

| سلسلہ نمبر | نوعیت | شرح ٹیکس صوبائی اور غیر فعال ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز برائے قدیم شہری اور جدید توسیعی علاقے | شرح ٹیکس مضافاتی صوبائی اور غیر فعال ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز علاقے (ماسوائے اس علاقوں کے جو کالم نمبر ۳ میں ہے) | شرح ٹیکس ضلعی ہیڈ کوارٹرز برائے قدیم شہر اور توسیعی علاقہ جو کہ کالم نمبر ۴ میں نہ ہے | شرح ٹیکس ضلعی ہیڈ کوارٹرز (ماسوائے ان علاقوں کے جو کالم نمبر ۵ میں مہیا نہ ہے |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
| 1 | ۵ مرلے سے زائد لیکن ۱۰ مرلے سے زائد نہ ہو | ۱۵۰۰ روپے سالانہ | ۷۵۰ روپے سالانہ | ۷۵۰ روپے سالانہ | ۵۰۰ روپے سالانہ |
| 2 | ۱۰ مرلے سے زائد لیکن ۱۵ مرلے سے زائد نہ ہو | ۲۰۰۰ روپے سالانہ | ۱۰۰۰ روپے سالانہ | ۱۰۰۰ روپے سالانہ | ۵۰۰ روپے سالانہ |
| 3 | ۱۵ مرلے سے زائد لیکن ۲۰ مرلے سے زائد نہ ہو | ۳۰۰۰ روپے سالانہ | ۱۵۰۰ روپے سالانہ | ۱۵۰۰ روپے سالانہ | ۷۵۰ روپے سالانہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4 | ۲۰ مرلے سے زائد لیکن ۴۰ مرلے سے زائد نہ ہو | ۷۰۰۰ روپے سالانہ | ۳۵۰۰ روپے سالانہ | ۲۵۰۰ روپے سالانہ | ۱۷۵۰ روپے سالانہ |
| 5 | ۴۰ مرلے سے زائد | ۱۰۰۰۰ روپے سالانہ | ٦۰۰۰ روپے سالانہ | ۵۰۰۰ روپے سالانہ | ۳۵۰۰ روپے سالانہ |

**(6)**

## اپنڈکس II

**[شق 3(ii) ملاحظہ ہو]**

## "بارہواں جدول

## حصہ-1

حرکاتی خلاف ورزیاں

| سلسلہ نمبر | قسم خلاف ورزی | جرمانہ |
|---|---|---|
| 1 | مقررہ حد سے زیادہ تیز رفتاری | ۲۰۰ |
| 2 | عوامی سواری میں مقررہ حد سے زیادہ مسافر لے جانا | ۲۰۰ |
| 3 | ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی (عام/برقی) | ۲۰۰ |
| 4 | عوامی زرائع نقل حمل میں مقررہ حد زائد وزن (ترسیل سامان) | ۲۰۰ |
| 5 | ممنوع علاقہ میں سبقت لینا | ۲۰۰ |
| 6 | دوسری گاڑیوں کو راستہ مہیا کرنے میں ناکامی | ۱۰۰ |
| 7 | ہنگامی گاڑیوں کی حرکت میں روکاوٹ ڈالنا | ۱۰۰ |
| 8 | سامان کی متعین کردہ رخ کیلئے مقررہ حد سے زیادہ وزن ڈالنا | ۱۰۰ |
| 9 | رات کے وقت موزون روشنی کی عدم موجودگی میں گاڑی چلانا | ۱۰۰ |
| 10 | سڑک کے غلط سمت گاڑی چلانا | ۲۰۰ |
| 11 | ٹریفک اشارے نہ ماننا | ۴۰۰ |
| 12 | ریل کی پٹڑی کو غیر معروف طریقے سے عبور کرنا | ۱۰۰ |
| 13 | گاڑی کے انتہائی قریب پیچھا کرنا یا انتہائی قریب سے گزرنا | ۲۰۰ |
| 14 | گاڑیوں میں رنگ شدہ/ڈھکے ہوئے شیشے جو بصارت کو روکتی ہو | ۲۰۰ |
| 15 | ملکہ ٹریفک کو دنا | ۱۰۰ |
| 16 | دوسروں کے لئے تیز روشنی مدھم نہ کرنا | ۱۰۰ |
| 17 | یکطرفہ گلی میں غلط سمت سے گاڑی چلانا | ۲۰۰ |

| | | |
|---|---|---|
| 18 | رخ تبدیلی اشارہ کو مقرر کردہ مقاصد کے علاوہ استعمال کرنا | ۲۰۰ |
| 19 | ممنوعہ علاقہ میں کھیلنا | ۲۰۰ |
| 20 | غیر معروف طریقہ سے سامان لادنا/غیر معروف طریقے سے لادا گیا | ۲۰۰ |
| 21 | روشنی کے اوقات کا خیال نہ رکھنا | ۱۰۰ |
| 22 | ٹریفک میں رو کاوٹ ڈالنا | ۲۰۰ |
| 23 | مدہم اشاروں کی پاسداری میں ناکامی | ۱۰۰ |
| 24 | ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل پر سواری | ۱۰۰ |
| 25 | سکول بس کے لئے رکنے میں ناکامی | ۱۰۰ |
| 26 | ممنوع علاقے میں مڑنا | ۱۰۰ |
| 27 | زیرِ تربیت ڈرائیور کو تحفظ میں ناکامی | ۱۰۰ |
| 28 | پیدل چلنے والوں کے لئے راستہ مہیا کرنے میں ناکامی | ۱۰۰ |
| 29 | تیز رفتاری اور لاپرواہی سے گاڑی چلانا | ۴۰۰ |
| 30 | ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر گاڑی چلانا | ۶۰۰ |
| 31 | غیر رجسٹرڈ گاڑی چلانا | ۲۰۰ |
| 32 | بیمہ کئے بغیر موٹر گاڑی چلانا | ۱۰۰ |
| 33 | ٹرانسپورٹ گاڑی بغیر سپیڈ میٹر کے یا نقص رسیدہ سپیڈ میٹر کے چلانا | ۱۰۰ |
| 34 | خطرناک طریقہ سے دروازہ کھولنا | ۲۰۰ |
| 35 | غیر معروف مڑنا (غلط قطار سے مڑنا) | ۱۰۰ |
| 36 | غیر معروف قطار کا استعمال | ۱۰۰ |
| 37 | ممنوعہ علاقے میں ہارن بجانا | ۱۰۰ |
| 38 | غیر معروف طریقے پر واپسی مڑنا | ۱۰۰ |
| 39 | لائسنس پیش کرنے سے انکار کرنا | ۲۰۰ |
| 40 | ٹریفک پولیس کے مطالبہ پر رکنے میں ناکامی | ۲۰۰ |
| 41 | صلاحیتی سرٹیفکیٹ کے بغر گاڑی چلانا | ۲۰۰ |

| | | |
|---|---|---|
| 42 | مقررہ وزن سے متجاوزہ وزن والی گاڑی چلانا | ۲۰۰ |
| 43 | غیر محفوظ حالت میں گاڑی کا استعمال | ۲۰۰ |
| 44 | پریشر/موسیقی ہارن استعمال کرنا | ۲۰۰ |
| 45 | خلاف قانون/قواعد گاڑی چلانا جس کی اجازت نہ ہو | ۲۰۰ |
| 46 | دھواں چھوڑنے والی گاڑی | ۴۰۰ |
| 47 | کم عمری میں گاڑی چلانا | ۳۰۰ |
| 48 | ایک خلاف ورزی کو دوبارہ دہرانا | ۶۰۰ |
| 49 | مذکورہ بالا خلاف ورزیوں میں معاونت کرنا | ۲۰۰ |
| 50 | روٹ پرمٹ کے بغیر گاڑی چلانا اگر کوئی ہو | ۵۰۰۰ |
| 51 | سلسلہ نمبر ۵۰ مذکورہ بالا کی خلاف ورزی دہرانا | ۱۰۰۰۰ |

حصہ-II

ساکن خلاف ورزیاں

| سلسلہ نمبر | نوعیت خلاف ورزی | جرمانہ |
| --- | --- | --- |
| 1 | 2 | 3 |
| 1 | گوٹ سے 0.5 میٹر سے زیادہ فاصلے پر گاڑی کھڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 2 | راستے کے پہلو میں گاڑی کھڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 3 | دوسری گاڑی سے 0.5 میٹر سے کم فاصلے پر گاڑی کھڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 4 | زیبراراہ عبوری پر گاڑی کھڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 5 | پانی کے نلوں سے ۳ میٹر کم فاصلے پر گاڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 6 | آتشی وقوف کے نشان سے ۱۰ میٹر کم فاصلے پر گاڑی کھڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 7 | نقطہ انقطاع سے ۱۰ میٹر سے کم فاصلے پر گاڑی کھڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 8 | ممنوع علاقہ میں گاڑی کھڑی کرنا | ۲۰۰ |
| 9 | رہائشی دروازوں کے سامنے گاڑی کھڑی کرنا | ۱۰۰ |
| 10 | بس سٹاپ پر گاڑی کھڑی کرنا | ۲۰۰ |
| 11 | پل پر گاڑی کھڑی کرنا | ۲۰۰ |
| 12 | جرایم جس کا تعلق وقوفی میٹر سے ہو اور ہر ادھے گھنٹے سے متجاوزہ ہو | ۱۰۰ |

## جدول

[شق ۴ ملاحظہ ہو ]

| سلسلہ نمبر | کیفیت فیس اور مغربی پاکستان موٹر گاڑی قواعد 1969 کا متعلقہ قاعدہ | شرح |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 1 | قاعدہ ۳۵ کے ذیلی قاعدہ (a) کے تحت فیس: | |
| | (a) صلاحیتی سند کا اجراء: | |
| | (i) بھاری گاڑیوں کے لئے | ۲۰۰ روپے |
| | (ii) دیگر گاڑیوں کے لئے | ۱۰۰ روپے |
| | (b) صلاحیتی سند کی تجدید: | |
| | (i) گاڑی جس کیلیۓ سند درکار ہو، اور معاینہ کیلیۓ مدت اختتام کے پندرہ دن کے اندر اندر پیش کی گئی ہو۔ | |
| | (1) بھاری گاڑیوں کے لئے | ۱۰۰ روپے |
| | (2) دیگر گاڑیوں کے لئے اور | ۵۰ روپے |
| | (ii) اگر گاڑی کو مذکورہ بالا پندرہ دن کے اندر اندر معاینہ کے لئے پیش نہ کی گئی ہو | |
| | (1) بھاری گاڑیوں کیلیۓ | ۲۰۰ روپے بمعہ ۵۰ روپے ماہانہ جرمانہ یا مہینے کا حصہ |
| | (2) دیگر گاڑیوں کے لئے | ۱۰۰ روپے بمعہ ۱۰ روپے ماہانہ جرمانہ یا مہینے کا حصہ |

| | | |
|---|---|---|
| 2 | فیس نقل سند صلاحیت، ماسوائے ٹرانسپورٹ گاڑی کے قاعدہ 37 کے تحت:<br>(i) جب اصل سند گم ہوا ہو یا ضائع شدہ ہو<br>(ii) جب اصل سند بدنما یا پٹا ہوا ہو | <br>۱۰۰ روپے<br>۵۰ روپے |
| 3 | قاعدہ ۳۸ کے تحت نقل سند صلاحیت کیلئے فیس برائے ٹرانسپورٹ گاڑی<br>(i) جب اصل سند گم ہوا ہو یا ضائع شدہ ہو<br>(ii) جب اصل سند بدنما یا پٹا ہوا ہو | <br>۲۰۰ روپے<br>۶۰ روپے |
| 4 | قاعدہ ۳۹ کے تحت نقل سند کیلئے فیس جب سند بدنما یا پٹا ہوا ہو برائے ٹرانسپورٹ گاڑی | ۶۰ روپے |